**24.07.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...... ماجد علی

**Music**

---

☆ وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے مرکزی بجٹ میں کچھ ریاستوں کے ساتھ بھید بھاؤ کئے جانے کے اپوزیشن کے الزامات کو مسترد کردیا ہے۔

☆ برطانیہ وزیر خارجہ **David Lammy** آج شام نئی دلّی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

☆ نیپال میں کٹھمنڈو میں ایک طیارہ تروبھوَن بین الاقوامی ہوائی اڈے پر، پرواز بھرنے کے دوران حادثے کا شکار ہوگیا، جس میں **18** افراد کی موت ہوگئی۔

☆ سپریم کورٹ، **29** جولائی سے آئندہ ماہ کی تین تاریخ تک زیر التوا معاملات کو حل کرنے اور خوش اسلوبی کے ساتھ معاملات کے حل کو فروغ دینے کیلئے خصوصی لوک عدالت کا انعقاد کرے گی۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ دو دنوں کے دوران گجرات، گوا اور مہاراشٹر میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور : خواتین کے ٹی-ٹوینٹی ایشیاء کپ میں سری لنکا کے دمبولہ میں گروپ-بی کے تحت اب سے کچھ دیر میں بنگلہ دیش کا مقابلہ ملیشیا سے ہونے والا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## PARLIAMENT BUDGET

مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے مرکزی بجٹ میں کچھ ریاستوں کے ساتھ بھید بھاؤ برتنے کے الزام کو ردّ کردیا ہے۔ آج راجیہ سبھا میں Zero Hour میں اپوزیشن کے الزامات کا جواب دیتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ کانگریس کی زیر قیادت اپوزیشن جان بوجھ کر عوام کو یہ تاثر دینے کی کوشش کررہی ہے کہ اُن ریاستوں کیلئے بجٹ میں کچھ نہیں رکھا گیا ہے، جہاں حزب اختلاف کی سرکاریں ہیں۔ انھوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ہر بجٹ میں یہ ممکن نہیں ہوتا کہ ملک کی ہر ریاست کا نام لیا جائے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ اگر بجٹ تقریر میں کسی مخصوص ریاست کا نام نہیں لیا گیا ، تو اِس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ مرکزی سرکار کے پروگرام اُن ریاستوں تک نہیں پہنچیں گے۔ انھوں نے کہا کہ مطالبات زر اور کُل کے بجٹ کے درمیان مرکزی کابینہ نے مہاراشٹر اور مغربی بنگال کیلئے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

اِس سے پہلے جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو حزب اختلاف کے رہنما ملکارجن کھڑگے نے یہ معاملہ اُٹھاتے ہوئے الزام لگایا کہ بقول اُن کے مرکزی بجٹ سرکار بچاؤ بجٹ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اپوزیشن اِس کیخلاف احتجاج کرے گی۔ جناب ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ اگر بجٹ میں توازن نہیں ہوگا، تو ترقی کیسے ہوگی۔ وزیر موصوف کے جواب کے بعد حزب اختلاف ایوان بالا سے واک آؤٹ کرگیا۔ اِسی معاملے پر لوک سبھا میں بھی حزب اختلاف نے واک آؤٹ کیا۔ جیسے ہی ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، کانگریس، سماجوادی پارٹی، ڈی ایم کے، ٹی ایم سی اور دوسری پارٹیوں کے ممبر آندھراپردیش اور بہار کو چھوڑ کر دوسری ریاستوں کے ساتھ مبینہ بھید بھاؤ پر احتجاج کرنے لگے۔ اسپیکر نے ایوان میں حزب اختلاف کے رویہ پر اعتراض کیا ۔ انھوں نے کہا کہ ایوان میں سوالوں کے وقفے کے دوران منصوبہ بند طریقے پر رخنہ ڈالنے کی کوشش کرنا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رجیجو نے بھی حزب اختلاف کے اراکین کے طرز عمل پر سوال اُٹھایا۔x

## PAR OPPOSITION PROTEST

اپوزیشن آئی این ڈی آئی اے بلاک کے ارکان پارلیمنٹ نے آج مرکزی بجٹ میں اپوزیشن کی حکمرانی والی ریاستوں کو فنڈ مختص کرنے میں مبینہ طور پر بھید بھاؤ کئے جانے پر پارلیمنٹ کے باہر احتجاج کیا۔ انہوں نے سبھی ریاستوں کے ساتھ مساویانہ سلوک کئے جانے کا مطالبہ کیا۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے رہنما ملکارجن کھڑگے نے مبینہ طور پر کہا کہ بجٹ میں اپوزیشن کی حکمرانی والی ریاستوں کے ساتھ نا انصافی کی گئی ہے اور وہ پارلیمنٹ کے باہر اور اندر اس کے خلاف احتجاج کریں گے۔x

## MEGHWAL UNION BUDGET

انصاف اور قانون کے محکمے کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا ہے کہ 2024-25 کے مجوزہ مرکزی بجٹ سے

بھارت کی ترقی کی راہ ہموار ہوگی، جس سے معاشرے کے سبھی طبقوں کو فائدہ پہنچے گا۔ انھوں نے آج نئی دلّی میں ایک ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔جناب میگھوال نے اِس بات پر زور دیا کہ بجٹ کو وِکست بھارت 2047 کی نظر سے دیکھا جانا چاہئے، جس کا مقصد ہر ایک کے لیے بآسانی اور بروقت انصاف کو یقینی بنانا ہے۔x

**LS ASHWINI VAISHNAV MAHA**

وزیرریلوے اشونی ویشنو نے آج لوک سبھا کو بتایا کہ مرکزی بجٹ میں مہاراشٹر میں ریلوے کے لیے خاطر خواہ رقم رکھی گئی ہے اور پوری ریاست میں ریلوے کے کئی پروجیکٹ شروع کیے گئے ہیں۔ آج ایوان میں Vadsa گڑھ چرولی ریل پروجیکٹ سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے بتایا کہ اِس سلسلے میں زمین حاصل کرلی گئی ہے اور پروجیکٹ کا کام جاری ہے۔ انھوں نے ایوان کو مزید بتایا کہ مہاراشٹر میں ریلوے پروجیکٹوں پر خاص طور پر توجہ دی گئی ہے اور گزشتہ مالی سال کے دوران اِس سلسلے میں 13 ہزار 539 کروڑ روپے مخصوص کیے گئے تھے، جبکہ UPA کی دوسری حکومت کے دوران ریلوے کی ترقی کیلئے ایک ہزار 171 کروڑ روپے فی سال رکھے گئے تھے۔ x

**BJP-RAVI SHANKAR**

آج BJP نے NEET UG امتحان اور مرکزی بجٹ 2024-25 پر سوالات اٹھانے کیلئے اپوزیشن پارٹیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر رہنما روی شنکر پرساد نے کہا کہ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں یہ وضاحت کردی ہے کہ NEET امتحانات میں شفافیت سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا ہے لیکن اپوزیشن پارٹیاں ملک کو گمراہ کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے NEET امتحان میں بے ضابطگیوں کی خبر ملتے ہی فوری طور پر کارروائی کی اور اس معاملے میں CBI تحقیقات کا حکم دیا۔ جناب پرساد نے مبینہ طور پر کہا کہ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے دنیا کے سامنے بھارت کی ایک منفی شبیہ قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ BJP نے NEET امتحان پر اپوزیشن پارٹیوں کے روئے کی مذمت کی ہے۔×

**GOVT CENCER MEDICINE**

حکومت نے کینسر کے علاج سے متعلق ادویات کو کسٹم ڈیوٹی سے مستثنیٰ قرار دیا ہے تاکہ ان ادویات تک رسائی آسان ہوسکے۔ مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے کل پارلیمنٹ میں 2024-25 کے مرکزی بجٹ میں کینسر کے علاج سے متعلق تین اضافی ادویات پر سے کسٹم ڈیوٹی میں چھوٹ دیئے جانے کا اعلان کیا۔ یہ ادویات ہیں، چھاتی کے کینسر کیلئے Trastuzumab Deruxtecan، پھیپھڑوں کے کینسر کیلئے Osimertinib اور پھیپھڑوں کے اور پِتّے کے کینسر کیلئے

Durvalumab۔ مرکزی وزارت صحت نے کہا ہے کہ اس فیصلے سے ملک میں 27 لاکھ کینسر سے متاثرہ مریضوں کو فائدہ ہوگا۔

**COAL PRODUCTION**

حکومت نے 2024-25 میں ایک ہزار ملین ٹن کوئلے کی پیداوار کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ کوئلے کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ 19 جولائی تک کوئلے کی پیداوار 294 ملین ٹن سے زیادہ پہنچ گئی ہے، جس سے گزشتہ برس اسی عرصے کے دوران تقریباً 11 فیصد اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اس مثبت رُجحان سے مختلف شعبوں میں توانائی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ پائیدار اقتصادی ترقی کے حکومت کے عہد کا بھی اظہار ہوتا ہے۔×

**UK FOREIGN SECRETARY**

برطانوی وزیر خارجہ David Lammy سرکاری دورے پر بھارت پہنچ گئے ہیں۔ وزیر خارجہ کی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد وہ پہلے سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچے ہیں۔وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے جناب Lammy کا خیر مقدم کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جیسوال نے کہا کہ اُن کے اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان جامع کلیدی شراکت داری مستحکم ہوگی اور بھارت اور برطانیہ کے درمیان رشتے اور زیادہ مضبوط ہوں گے۔ وہ جامع دفاعی شراکت داری کو مستحکم کرنے اور بھارت-برطانیہ آزادانہ تجارتی معاہدے FTA پر بات چیت کریں گے۔x

**SC-LOK ADALAT**

زیر التوا معاملات کو حل کرنے اور خوش اسلوبی کے ساتھ سبھی معاملات کو حل کئے جانے کو فروغ دینے کیلئے ایک اہم قدم کے طور پر سپریم کورٹ 29 جولائی سے 3 اگست 2024 تک خصوصی لوک عدالت کا انعقاد کرے گی۔ سپریم کورٹ کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر اس پہل کا اعلان کیا گیا ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے اُن شہریوں سے اس پہل کا فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے، جن کے معاملات عدالت عالیہ میں زیر التوا ہیں۔×

**NEPAL AIRCRAFT CRACH**

نیپال میں آج کٹھمنڈو کے تروبھون بین الاقوامی ہوائی اڈے سے پرواز بھرنے کے دوران سوریہ ایئر لائنس کا ایک طیارہ حادثے کا شکار ہوگیا، جس میں 18 افراد ہلاک ہوگئے۔ سوریہ ایئر لائنس کے طیارے 9N AME میں 19 افراد سوار تھے، جن میں ملازمین اور تکنیکی عملہ شامل تھا اور یہ مرمت کے کچھ کام کیلئے پوکھرا جارہے تھے۔ پولیس کے سینئر سپرنٹنڈنٹ دَمبر

بہادر بی کے، نے کہا ہے کہ پائلٹ کو بچالیا گیا ہے اور اسے نزدیک کے اسپتال لے جایا گیا ہے۔ نیپال کے وزیر داخلہ رمیش Lekhak حادثے کے فوراً بعد تروبھون بین الاقوامی ہوائی اڈے پہنچ گئے ہیں۔×

**US SECRET SERVICE**

امریکہ میں Ronal L Rowe Junior کو امریکی سیکریٹ سروس کا قائم مقام سربراہ مقرر کیا گیاہے۔ اِس سے پہلے ڈائرکٹر Kimberly Cheatle نے اِس عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ Rowe Junior ڈپٹی ڈائرکٹر کے طور پر کام کررہے تھے۔ اُمور داخلہ کے سیکورٹی سکریٹری Alejandro Mayorkas نے اُن کی تقرری کی تصدیق کی ہے۔ جناب Cheatle کے استعفے کے کچھ ہی گھنٹوں بعد جناب Rowe کو سیکریٹ سروس کا قائم مقام سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ x

**BLINKEN-ASIA VISIT**

امریکہ کے وزیر خارجہ اینٹنی بلینکن سلسلے وار عالمی اور باہمی میٹنگوں کیلئے ویت نام، لاؤس، جاپان، فلپائن، سنگاپور اور منگولیا سمیت ایشیائی ملکوں کا دورہ کریں گے۔ آج سے شروع ہونے والے جناب بلینکن کے 8 روزہ دورے کا مقصد بھارت بحرالکاہل اتحادیوں اور شراکت داروں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔ اِن ممالک کو اس بات کی یقین دہانی کرانا ہے کہ امریکہ اس خطے کیلئے پُرعزم ہے، جناب بلینکن کی ترجیحات میں شامل ہے۔×

**IMD WETHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ دو دنوں کے دوران گجرات، کونکن اور گوا اور مہاراشٹر میں کہیں کہیں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ دو دنوں میں گنگا کے میدانی علاقوں میں بارش میں اضافے کا امکان ہے۔ ملک کے شمال مغربی حصے میں ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب اور مغربی اترپردیش میں دور دور تک گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔×

**CRICKET ASIA CUP**

خواتین کے ٹی-ٹوینٹی ایشیاء کپ کرکٹ میں آج سری لنکا کے دَمبولہ بین الاقوامی اسٹیڈیم میں گروپ-بی کے تحت بنگلہ دیش اور ملیشیا کا مقابلہ ہونے والا ہے۔ یہ میچ اب سے کچھ دیر میں دو بجے سے کھیلا جائے گا۔ بنگلہ دیش نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

گروپ-بی کا ایک اور میچ آج شام سات بجے سری لنکا اور تھائی لینڈ کے درمیان ہوگا۔

گل بھارت نے گروپ-اے کے اپنے آخری میچ میں نیپال کو 82 رن سے ہراکر سیمی فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی۔ گروپ-اے سے بھارت اور پاکستان سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرچکے ہیں، جبکہ نیپال اور یو اے ای ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔×

-------------------------------------------